سیلاب متاثرین کو درپیش صحت کے مسائل اور اُن کا علاج

پاکستان میں موسم برسات کا آغاز ہوتے ہی وسیع رقبے پر سیلاب کی تباہ کاری کے خطرات منڈلانے لگتے ہیں۔اور سیلاب کی وجہ سے جہاں اور بہت ساری مشکلات درپیش ہوتی ہیں وہاں سیلاب متاثرین کو صحت کے بھی شدید مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔انہیں پانی سے پیدا ہونے والے امراض گیسٹرو، ہیضہ، پیچش، جلدی بیماریاں، ٹائیفائڈ، آنکھوں کے امراض، آشوب چشم اور دیگر وبائی امراض پھیلنے کے شدید خطرات لاحق ہوتے ہیں۔

ادارہ قرشی قدرتی مصنوعات/ادویات اور مشروبات بنانے والا پاکستان کا سب سے بڑا ادارہ ہے۔یہ ادارہ کاروباری سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ قرشی فاؤنڈیشن کے پلیٹ فارم سے خدمت عوام الناس کے کاموں میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیتا ہے۔ملک میں کوئی بھی افتاد یا مشکل ہو اس پلیٹ فارم سے حکومت کے شانہ بشانہ خدمات سرانجام دی جاتی ہیں۔اور دکھی اور مجبور عوام کو مصیبت سے نکالنے کی ہر ممکن کوشش کی جاتی ہے۔ ہمارے ملک میں اکثر سیلاب کی صورتحال کا سامنا ہوتا ہے اور اس سے ملک کا وسیع رقبہ اور اس پر بسنے والے لوگ شدید متاثر ہوتے ہیں۔قرشی ریسرچ انٹرنیشنل کے ماہرین نے سیلاب کی تباہ کاریوں سے پیدا ہونے والے صحت کے مسائل کا جائزہ لے کر قدرتی ادویات کا ایک پیکج ترتیب دیا ہے جو سیلاب کی وجہ سے پیدا ہونے والے صحت کے مسائل کا بہترین حل ہے۔امید ہے کہ ان قدرتی ادویات کے استعمال سے متاثرین زیادہ سے زیادہ مستفید ہوں گے۔

ادویات کی تفصیل درج ذیل ہے۔

1- قرشی آب نقرہ:۔

پاکستان میں عام طور پر اور خصوصاً برسات اور سیلاب کی وجہ سے سب سے بڑا مسئلہ پینے کے صاف پانی کی عدم دستیابی ہے۔ کیونکہ سیلاب کی وجہ سے پانی پینے کے قابل نہیں رہتا اور جراثیم سے آلودہ پانی پینے سے کئی امراض کے پیدا ہونے کا خطرہ لاحق ہوتا ہے۔ایسی صورتحال میں قرشی آب نقرہ پانی کو جراثیم سے پاک کرنے کے لیے بہترین حل ہے۔لہذا پینے، برتن دھونے، ہاتھ پاؤں دھونے، نہانے اور کھانے وغیرہ میں استعمال کے لیے پانی میں آبِ نقرہ ملا کر استعمال کریں۔

طریقہ استعمال:

آبِ نقرہ والا پانی پینے کے علاوہ کھانا پکانے، برتن، پھل اور سبزیاں دھونے اور وبائی امراض کے دنوں میں ہاتھ دھونے اور بچوں کو نہلانے دھلانے میں بھی استعمال کرنا چاہیے۔

- پینے کے لیے ایک گلاس پانی میں دو قطرے آب نقرہ ملا کر استعمال کریں۔
  اسی طرح 10 قطرے ایک جگ پانی کے لیے، 5 ملی لٹر (ایک چمچ چائے والا یا نصف ڈھکن) 10 لٹر چھوٹے کولر یا مٹکے کے لیے، 10 ملی لٹر (دو چمچ چائے والی یا ایک ڈھکن) 20 لٹر بڑی بالٹی کے لیے اور قرشی آب نقرہ 120 ملی لٹر (ایک بوتل) 240 لٹر پانی کے لیے استعمال کریں۔
- آب نقرہ ڈالنے کے بعد پانی کو اچھی طرح ہلالیں۔
- آبِ نقرہ ملے پانی میں برف ڈالنے یا اس پانی سے برف جمانے سے اس کی افادیت متاثر نہیں ہوتی۔
- استعمال سے پہلے گلاس کو آبِ نقرہ ملے پانی سے کھنگال لیں۔
- صرف پانی میں ڈال کر استعمال کریں۔ بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں۔

www.facebook.com/QarshiPakistan I www.qarshi.com